PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE
PCB.COM.PK

نیشنل انڈر 15 اور انڈر 17 کپ کا سہ فریقی مرحلہ آج سے شروع ہو گیا

لاہور، 24 فروری 2025ء:

نیشنل انڈر 15 اور انڈر 17 کپ کا ٹرائینگولر مرحلہ آج سے بالترتیب بہاولپور اور ملتان میں شروع ہو گیا ہے۔ نیشنل انڈر 15 میں راولپنڈی ریجن کے ساتھ لاہور ریجن کی سائیڈز وائیٹس اور بلوز نے انڈر 15 ٹرائینگولر مرحلے کے لیے کوالیفائی کر لیا ہے جبکہ ایبٹ آباد، کراچی وائیٹس اور لاہور بلوز نے انڈر 17 کپ میں ٹرائینگولر مرحلے کے لیے کوالیفائی کیا ہے۔

نیشنل انڈر 15 کپ:

تین گروپس میں تقسیم 18 ٹیموں پر مشتمل ٹورنامنٹ میں لاہور ریجن وائیٹس گروپ اے میں پانچ میچوں میں تین فتوحات کے ساتھ سرفہرست رہی جبکہ راولپنڈی ریجن گروپ 'بی' میں تین جیت کے ساتھ سرفہرست رہی اور بہتر نیٹ رن ریٹ پر پشاور ریجن کے مقابلے پر اگلے مرحلے میں جگہ بنائی۔ پشاور ریجن نے بھی پانچ میچوں میں سات پوائنٹس حاصل کیے تھے۔

لاہور ریجن بلوز گروپ سی میں ناقابل شکست رہی اور پانچوں میچوں میں جیت کے ساتھ سرفہرست رہی۔

ٹرائنگولر مرحلے میں آج ڈرنگ اسٹیڈیم بہاولپور میں لاہور وائٹس اور لاہور بلوز 50 اوورز کے میچ میں مدمقابل ہیں۔ منگل کو لاہور وائٹس کا مقابلہ راولپنڈی سے ہوگا جبکہ بدھ کو راولپنڈی اور لاہور بلوز ٹرائنگولر مرحلے کے آخری میچ میں آمنے سامنے ہوں گے۔

ایونٹ کا فائنل 28 فروری بروز جمعہ کو ڈرنگ اسٹیڈیم میں ٹورنامنٹ کی ٹاپ دو ٹیموں کے درمیان کھیلا جائے گا۔

نیشنل انڈر 17 کپ:

انڈر 15 ٹورنامنٹ کی طرح نیشنل انڈر 17 کپ میں 18 ٹیمیں شامل تھیں جنہیں تین گروپس میں تقسیم کیا گیا تھا۔ گروپ 'اے 'میں ایبٹ آباد ریجن نے لاہور ریجن ڈبلیو اور اسلام آباد ریجن کو بہتر نیٹ رن ریٹ پر پیچھے چھوڑ دیا جب تینوں سائیڈز نے تین پوائنٹس حاصل کیے۔۔ گروپ بی میں کراچی ریجن وائٹس نے نو پوائنٹس کے ساتھ گروپ میں سرفہرست رہنے کے بعد ٹرائنگولر مرحلے کے لیے کوالیفائی کیا جبکہ لاہور ریجن بلوز پانچ میچوں میں چار فتوحات کے ساتھ گروپ سی میں سرفہرست رہی۔

ٹرائنگولر مرحلے میں آج کراچی ریجن وائٹس کا مقابلہ لاہور ریجن بلیوز سے 50 اوورز کے پہلے میچ میں ہو گا۔ منگل کو ایبٹ آباد کا مقابلہ کراچی ریجن وائٹس سے ہوگا جبکہ بدھ 26 فروری کو ایبٹ آباد کا لاہور ریجن بلوز سے مقابلہ ہوگا۔
فائنل 28 فروری بروز جمعہ کو ٹرائنگولر مرحلے کی ٹاپ دو ٹیموں کے درمیان ہوگا۔ ٹرائنگولر مرحلے کے میچز اور فائنل ملتان کرکٹ سٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔

-ENDS-

Media contact:

Media, Communications and Digital Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4